**مورخہ 06-07-2023**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | سردار اختر مینگل سے ملاقات بلوچستان قبائلی جھگڑوں، نفرتوں اور تعصبات کا متحمل نہیں ہوسکتا، گورنر بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | 40 فیصد بجٹ سیکورٹی پر خرچ ترقیاتی فنڈز میں 300 ارب تک اضافہ کیا جائے، وزیر اعلیٰ بزنجو | مشرق ودیگر اخبارات |
| 03 | وڈھ میں دونوں متحارب فریق پاکستانی ہیں، بلوچستان ہمارا اسٹیبلشمنٹ اور حکومت بھی ہماری ہے، ضیاء لانگو | مشرق ودیگر اخبارات |
| 04 | عوام سے ووٹ کا نہیں دلوں کا رشتہ ہے، سردار صالح بھوتانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | ڈبلیو ایچ او کا نصیر آباد ڈویژن کے ہسپتالوں کیلئے جدید مشینری اور ادویات دینے کا اعلان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | شدید بارشوں کی پیشگوئی کے پیش نظر ادارے الرٹ رہیں، کمشنر لورالائی | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | کمشنر کوئٹہ ڈویژن کا سوشل میڈیا پر چلنے والی خبر کا نوٹس | مشرق ودیگر اخبارات |
| 08 | بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات آج چیئرمین اور وائس چیئرمین کا انتخاب ہوگا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | بلدیاتی انتخابات بلوچستان کے 35 اضلاع میں دفعہ 144 نافذ | سنچری ودیگر اخبارات |
| 10 | بلوچستان میں مون سون کے حوالے سے انتظامات مکمل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | سرکاری ملازم سیاست اور صحافت نہیں کر سکتا، سیکرٹری ماحولیات | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | کوئٹہ میں وکیل کا قتل سپریم کورٹ نے مقدمہ کالعدم قرار دینے کا کیس چیف جسٹس کو بھجوادیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | آئی جی پولیس ایس ایچ او کے ناروا سلوک کا نوٹس لیں | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | بلوچستان پولیس میں تقرریاں وتبادلے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | 8 جولائی کو مظاہروں کا اعلان بلوچستان میں ظلم وجبر قبول نہیں، بی این پی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | صوبے میں احتساب اور چیک اینڈ بیلنس کے نظام کو بہتر بنایا جائے، بلوچستان بار | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | وسائل کی لوٹ مار کیلئے دہشت گردی کی جارہی ہے، رحیم زیارتوال | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | ہماری نیت صاف اور مقصد عوام کی خدمت ہے، نواب ثناء زہری | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

اوستا محمد میں چوروں ڈاکوں کا راج شہری سر عام لٹنے لگے عوام عدم تحفظ کا شکار، ہرنائی مسلح افراد ٹرک ڈرائیورز سے نقدی ودیگر سامان لوٹ کر فرار، حب مختلف چھاپوں کے دوران چار ملزمان گرفتار اسلحہ ومسروقہ فونز برآمد، حب سٹی اور ہائیٹ پولیس تھانہ کی حدود میں چوری اور رہزنی کی وارداتوں میں اضافہ، وڈھ میں دونوں گروپوں کے حامی مورچہ زن کیوں ہیں، مستونگ سٹی پولیس کاروائی گرلز سکول سے چوری شدہ سامان برآمد، کوئٹہ پولیس نے چوری شدہ موٹر سائیکلیں دونان کسٹم پیڈ گاڑیاں برآمد کرلیں،

مورخہ 06-07-2023

## عوامی مسائل

| |
|---|
| ایران کو آم کی برآمد میں تاجروں کو نقصان، ہرنائی میں نذر آتش ٹرکوں کا معاوضہ دیا جائے، بھاری رقم کے عوض غیر قانونی نقشوں کی منظوری کوئٹہ میں کیثر المنزلہ عمارتوں کی تعمیر جاری، انتظامیہ سرکاری ریٹس پر عملدرآمد میں ناکام واٹر ٹینکرز مالکان کی من مانیاں نرخ میں ہوشربا اضافہ، ایرانی پیٹرول کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ، خجدار مچھروں کی لپیٹ میں ملیریا ٹائیفائیڈ عام ہوگیا شہری پریشان |

## اداریہ:

| |
|---|
| روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان کو صنعتی ترقی کی ضرورت ہے!!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں موجودہ مخلوط صوبائی حکومت نے اپنا آخری بجٹ دے دیا ہے اس بجٹ میں تعلیم اور صحت دیگر شعبوں کو اہمیت دی گئی ہے اور وزیراعلیٰ بزنجو اور وزیر خزانہ انجینئر زمرک خان اچکزئی مختلف مواقع پر اسی عزم کا اظہار و اعادہ کرتے رہے ہیں کہ نامساعد حالات کے باوجود اس حکومت نے عوام کی ترقی اور فلاح و بہبود کے لئے جو اقدامات اٹھائے ان کا تسلسل برقرار رکھا جائے گا اور صوبائی حکومت صوبے کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی اور کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرے گی ہم ان کے عزم کو سراہتے ہیں یقیناً اس موجودہ حکومت نے نامساعد حالات کے باوجود بلوچستان کی تعمیر و ترقی کیلئے اب تک غیر معمولی اقدامات اٹھائے ہیں جنہیں ہم سراہتے ہیں تاہم ساتھ ہی ساتھ اس امر کی نشاندہی بھی ضروری سمجھتے ہیں کہ بلوچستان میں صنعت و حرفت کو فروغ دینے کی ضرورت ہے اور اس موجودہ حکومت کو تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کی ضرورت ہے، |

## اداریہ:

| |
|---|
| روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Power crisis" عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔<br>روزنامہ بلوچستان بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Battling Monsoon Fury" عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔ |

برائے **ڈائریکٹر جنرل**

**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان


Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 06 JUL 2023 Page No: 1

## گورنر کی اختر مینگل سے ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

**بلوچستان مزید قبائلی تنازعات کا متحمل نہیں ہوسکتا، صوبے کا امن حکومت کی ذمہ داری ہے، ملک عبدالولی**

**صوبے کے آئینی سربراہ کی حیثیت سے چیلنجز سے نمٹنا ہے اس ضمن میں آپ کے تعاون کی ضرورت ہے**

کوئٹہ (خ ن) گورنر ملک عبدالولی خان کاکڑ نے گزشتہ روز خضدار کی تحصیل وڈھ میں بی این پی کے قائد سردار اختر جان مینگل سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ملک کے موجودہ حالات، وڈھ کی کشیدہ صورتحال اور خطے میں رونما ہونے والی تبدیلیوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ صوبے میں صدیوں سے آباد مختلف اقوام وقبائل کو آپس میں شیر وشکر کرنے، عوام کو سیاسی شعور دینے، عوامی حقوق واختیارات کی پاسداری کرنے اور ان کو درخشندہ مستقبل کی راہ پر گامزن کرنے میں ہمارے سیاسی اکابرین کی گرانقدر خدمات اور قربانیاں ہیں، اس ضمن میں حکومت کی اہم ذمہ داری ہے کہ وہ صوبے بھر میں امن اور بھائی چارے کی فضاء کو برقرار رکھنے میں بھرپور کردار ادا کرے اور یہ بھی حکومت کا فریضہ بنتا ہے کہ وہ صحیح کو صحیح اور غلط کو غلط کہے اور اس مسئلہ کا جلد پائیدار حل نکالے۔ گورنر نے کہا کہ بلوچستان میں قبیلوں اور فرقوں کے حوالے سے موجود حساسیت کو سنجیدگی سے لینے اور پائیدار حل کی جانب لے جانے کی اشد ضرورت ہے کیونکہ ترقی اور خوشحالی صرف پرامن اقوام اور قبائل کا ہی مقدر بنتی ہیں، انہوں نے کہا کہ ایک غریب اور پسماندہ بلوچستان قطعاً مزید قبائلی جھگڑوں، نفرتوں اور تعصب کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ پشتون بلوچ ان خوش قسمت اقوام میں سے ہیں جن کے سیاسی اکابرین نے اندرونی جنگ وجدل کا راستہ ترک کرکے اجتماعی امن اور ترقی کو اپنا مقصد حیات بنایا، ہم آج بھی اپنے سیاسی اکابرین کے نقش قدم پر چلتے ہوئے بشردوستی، ترقی پسندی اور رواداری کے روادار ہیں۔ گورنر بلوچستان نے اس بات پر یقین کا اظہار کیا کہ ہمارے سیاسی اکابرین، علماء کرام، مشائخ عظام اور قبائلی سرکردہ افراد عوام دوست ہیں اور وہ اجتماعی مفاد کی خاطر پرامن بلوچستان اور روشن مستقبل کیلئے موثر لائحہ عمل کا تعین کرسکتے ہیں۔ ملک عبدالولی کاکڑ نے کہا کہ صوبہ کے ایک آئینی سربراہ کی حیثیت سے انہیں بڑے چیلنجز سے نمٹنا ہے اس ضمن میں آپ سب کے بھرپور تعاون کی ضرورت ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## سردار اختر مینگل سے ملاقات
## بلوچستان قبائلی جھگڑوں، نفرتوں اور تعصبات کا متحمل نہیں ہوسکتا، گورنر بلوچستان

**بلوچستان میں قبیلوں اور فرقوں کے حوالے سے موجود حساسیت کو سنجیدگی سے لینے اور پائیدار حل کی جانب لے جانے کی اشد ضرورت ہے، عبدالولی کاکڑ**

**صوبہ بلوچستان کے ایک آئینی سربراہ کی حیثیت سے انہیں بڑے چیلنجوں سے نمٹنا ہے اس ضمن میں آپ سب کے بھرپور تعاون کی ضرورت ہے**

وڈھ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ بدھ کے روز خضدار کی تحصیل وڈھ میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے قائد سردار اختر جان مینگل کی رہائش گاہ پر گئے اور ان سے ملاقات کی. ملاقات کے دوران ملک کے تازہ ترین حالات، تحصیل وڈھ کی کشیدہ صورتحال اور خطے میں رونما ہونے والی.........

بقیہ 15 صفحہ نمبر 9 پر

تبدیلیوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا. اس موقع پر گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ صوبے میں صدیوں سے آباد مختلف اقوام وقبائل کو آپس میں شیر وشکر رکھنے، عوام کو سیاسی شعور دینے، عوامی حقوق واختیارات کی پاسداری کرنے اور ان کو درخشندہ مستقبل کی راہ گامزن کرنے میں ہمارے سیاسی اکابرین کی گرانقدر خدمات اور قربانیاں ہیں. اس ضمن میں حکومت کی اہم ذمہ داری ہے کہ وہ صوبے بھر میں امن اور بھائی چارے کی فضاء کو برقرار رکھنے میں بھرپور کردار ادا کریں اور یہ بھی حکومت فریضہ بنتا ہے کہ وہ صحیح کو صحیح اور غلط کو غلط کہہ دیں اور اس مسئلہ کا جلد از جلد پائیدار حل نکالیں.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 DATE: 06 JUL 2023 Page No: 2

# Governor stresses end to tribal feuds, prejudice

**Staff Report**

**WADH:** Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar on Wednesday went to the residence of Balochistan National Party leader Sardar Akhtar Jan Mengal in Tehsil Wadh of Khuzdar.

During the meeting, matters of mutual interest were discussed including the latest situation in the country, the tense situation of Tehsil Wadh and the changes taking place in the region. On this occasion, Balochistan Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar said that the various nations and tribes living in the province for centuries should be united, give political awareness to the people, uphold the rights and powers of the people and guide them to a bright future.

There are valuable services and sacrifices of our political elites. In this regard, the government has an important responsibility to play an active role in maintaining the atmosphere of peace and brotherhood throughout the province and it is also the duty of the government to call right from right and wrong from wrong and to solve this problem. Find a durable solution as soon as possible.

The governor of Balochistan said that there is an urgent need to take the sensitivities regarding tribes and sects in Balochistan seriously and lead them towards sustainable solutions because development and prosperity can only be the destiny of peaceful nations and tribes.

He said that a poor and backward Balochistan definitely cannot afford more tribal disputes, hatred and prejudices. The governor of Balochistan said that Pashtun Baloch are one of the lucky nations whose political elites have abandoned the path of internal conflict and moved forward by making collective peace and development their life's goal.

Even today, we are tolerant of humanitarianism, progressiveness and tolerance following the footsteps of our political heroes.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 06 JUL 2023 Page No: 4

# ہم اپنا حق مانگ رہے ہیں، محدود فنڈز سے بلوچستان کو دوسرے صوبوں کے برابر لانا ممکن نہیں، عبدالقدوس بزنجو

ہمیں این ایف سی ایوارڈ کے تحت اتنے فنڈز نہیں ملتے کہ ہم لوگوں کے مسائل حل کر سکیں، رقبے کے لحاظ سے آدھا پاکستان ہونے کے باوجود بلوچستان پسماندہ ہے وزیراعلیٰ

ریکوڈک معاہدہ بلدیاتی اداروں کے پرامن انتخابات شفاف مردم شماری اور بے شمار دیگر کامیابیاں ہمارے کریڈٹ پر ہیں ہم سب کو ساتھ لے کر چلنے پر یقین رکھتے ہیں

آدھے پاکستان کو سکیورٹی دینا ایک بہت بڑا چیلنج ہے جس پر ہمارے وسائل کے 40 فیصد فنڈز خرچ ہو جاتے ہیں اگر ہم یہ سیکورٹی برقرار نہ رکھیں تو اسکا اثر دیگر صوبوں پر بھی پڑے گا

ترقیاتی مد میں ہمیں 120 ارب روپے دستیاب ہوتے ہیں اگر ترقیاتی فنڈز میں 300 ارب روپے تک اضافہ کیا جائے تو صوبے اور عوام کی بہتری کے لئے اچھا کام ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ بلوچستان وہ صوبہ ہے جو آدھا پاکستان ہونے کے باوجود پسماندہ ہے، ہر صوبہ اپنا حق مانگتا ہے ہم بھی مانگ رہے ہیں، اگر ترقیاتی فنڈز میں 300 ارب روپے تک اضافہ کیا جائے تو صوبے اور عوام کی بہتری کے لئے اچھا کام ہوگا، ریکوڈک معاہدہ بلدیاتی اداروں کے پرامن انتخابات شفاف مردم شماری اور بے شمار دیگر کامیابیاں ......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 9

ہمارے کریڈٹ پر ہیں ہم سب کو ساتھ لے کر چلنے پر یقین رکھتے ہیں یہ ہی وجہ ہے کہ پورے بجٹ سیشن میں کوئی مخالفت نظر نہیں آئی، آنے والا وقت ہی بتائے گا کہ کون اقتدار میں ہوگا اور کون اپوزیشن میں بیٹھے گا۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ بلوچستان آدھا پاکستان ہے ہمیں این ایف سی ایوارڈ کے تحت اتنے فنڈز نہیں ملتے کہ ہم لوگوں کے مسائل حل کر سکیں محدود فنڈز کے حامل بلوچستان کو دوسرے صوبوں کے برابر لانا ممکن نہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 DATE: 06 JUL 2023 Page No: 5

# Paucity of funds main reason for province's backwardness: CM

## Says at least Rs 300b needed to improve masses standard of life

**Staff Report**

**QUETTA**: Chief Minister Balochistan Abdul Quddus Bizenjo on Wednesday said that the non-availability of funds and lack of focus was the main reason for poverty and backwardness of the province. In a statement issued here, he said that practical measures were not taken to eliminate the backwardness of the province.

The province has not received its due share in the national finance commission (NFC) award and relief package, announced by the prime minister for the rehabilitation of the 2022 flood victims in the province, he said adding that it is difficult to bring the province at par with others within the limited funds. Bizenjo said maintaining law and order and peace in a large province was a huge challenge which was consuming 40 percent of the resources. He added, "If we do not maintain security in Balochistan, it will affect the whole country as well". These are the facts that cannot be ignored and need to be seriously looked into and resolved, he added.

He called for the enhancement of development budget to Rs 300 billion to boost the development process and improve the life style of the local people. Bizenjo said apart from political opposition, but the elected representative should get the right to get equal budget for the development of their areas. The CM said he believes in taking everyone onboard and this is the reason that no objection was recorded by the opposition side in the entire budget session.

"All the parties were taken on board on the Reko Diq agreement and the found the solution together," chief minister said. He added that the purpose of bringing out the Reko Diq mining agreement was to realize that we are not stealing something. He said progress is expected in the stalled cases with PPL from 2015. In order to deal with natural calamities, besides taking measures according to their own framework, they also refer to the Lord of the Universe.

"We formed Balochistan Awami Party (BAP) so that the decisions of Balochistan should be done in Balochistan," he added. The business of Iranian diesel and petrol is being relaxed on the border as the people involved in the business feed and support countless families, he told. "The step was taken because we should not deprive our people of their employment until we provide them alternative means of livelihood. Due to limited resources, the government cannot provide employment, the industries and private sector are not equal." He said the provincial government has been taking credit of singing of Reko Diq agreement, holding of peaceful elections of local bodies, conducting of transparent census and countless other achievements.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA
06 JUL 2023

Bullet No. 1 DATE: Page No: 6

# وڈھ میں دونوں متحارب فریق پاکستانی ہیں بلوچستان ہمارا ہے، اسٹیبلشمنٹ اور حکومت بھی ہماری ہے، ضیا لانگو

وڈھ کا مسئلہ قبائلی مسئلہ ہے، صوبے کا وزیر داخلہ ہونے کے ساتھ میں ایک قبائلی بھی ہوں، میری کوشش ہے یہ مسئلہ خوش اسلوبی سے حل ہو

بلوچستان کے تمام سیاست دانوں کو سب سے پہلے بلوچستان کا سوچنا چاہیے، انشا اللہ ہم کشیدگی کو ختم کرنے میں کامیاب ہوں گے، وزیر داخلہ

کوئٹہ (یو این اے) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا اللہ نے کہا کہ وڈھ میں جو دونوں متحارب فریق ہیں وہ پاکستانی ہیں ان کا کہنا تھا کہ پاکستانی ہونے کے ناطے اس ملک کے جو بھی خفیہ ادارے ہیں وہ سب کے ہیں اسٹیبلشمنٹ بھی سب کی ہے اور حکومت بھی ہماری ہے ان کا کہنا تھا کہ وڈھ کا مسئلہ ایک قبائلی مسئلہ ہے۔ صوبے کا وزیر داخلہ ہونے کے ساتھ ساتھ میں ایک قبائلی بھی ہوں اور دونوں حیثیتوں سے میری کوشش ہے کہ مسئلہ خوش اسلوبی سے حل ہو ان خیالات کا اظہار انہوں نے بی بی سی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا ان کا کہنا تھا کہ ماضی قریب.......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 9 پر

میں وڈھ میں کشیدگی تھی اور ماحول بہت خراب تھا تاہم ہم نے وہاں کشیدگی کو کافی حد تک کم کیا ہے اور آہستہ آہستہ یہ مزید کم ہوتا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ ہماری کوششیں جاری ہیں اور انشا اللہ ہم اس کشیدگی کو ختم کرنے میں کامیاب ہوں گے۔ وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ وہ وڈھ میں موجود علاقہ عمائدین کے ساتھ رابطے میں ہیں

# عوام سے ووٹ کا نہیں دلوں کا رشتہ ہے، سردار صالح بھوتانی

عوام کی خدمت اولین ترجیحات میں شامل، میرے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں

حب (آن لائن) سینئر صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بھوتانی کا مختصر سے دورے پر حب اور گڈانی، وندر آمد کے موقع پر بھوتانی کارواں کے کارکنان سمیت معززین ومعتبرین نے انکا والہانہ استقبال کیا سردار محمد صالح بھوتانی پر پھول کی پتیاں نچھاور کر کے.......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 9 پر

شاندار استقبال کیا اس موقع پر گڈانی کے سینکڑوں کارکنوں سے ملاقات کی اور علاقہ کے مسائل سنے بعد ازاں سینئر صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بھوتانی نے چیرمین گڈانی وڈیرہ جانشیر حمید کی جانب سے دیے گئے ظہرانے میں شرکت کی اس موقع پر سینئر صوبائی وزیر بلدیات بلوچستان نے اپنے مختصر سے خطاب میں کہا کہ عوام سے ووٹ کا رشتہ نہیں بلکہ دلوں کا رشتہ ہے عوام کی خدمت کرنا میرا اولین ترجیحات میں شامل ہے عوام کی خدمت کیلئے میرے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں

# ڈبلیو ایچ او کا نصیر آباد ڈویژن کے ہسپتالوں کیلئے جدید مشینری اور ادویات دینے کا اعلان

**ضلع اوستامحمد اور صحبت پور کے لیے جدید ایکسرے مشین ، ڈینٹل یونٹ ،چھتنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی میں گائنا کالوجسٹ اینستھیزیا سروس فراہم**

**نصیرآباد میں عوام کو ہیپاٹائٹس بی سی لیشمیا اور ملیریا سمیت دیگر امراض کا سامنا ہے جس کے لیے فوری اقدامات کی ضرورت ہے، ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری**

**مہلک امراض سے بچاؤ کیلئے مدد کریں گے،سول ہسپتالوں میں سولر سسٹم نصب کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے،کنٹری ہیڈ ڈاکٹر پلیتھا ماہی پالا**

نصیرآباد(نامہ نگار) ڈبلیو ایچ او پاکستان کے ہیڈ ڈاکٹر پلیتھا ماہی پالا نے کہا کہ ڈبلیو ایچ او دکھی انسانیت کی خدمت میں اپنا فریضہ ادا کر رہا ہے مختلف وبائی امراض پر قابو پانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں نصیرآباد ڈویژن کے مختلف ہسپتالوں میں سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے نصیرآباد ڈویژن گرم ترین علاقہ ہونے کی وجہ سے مختلف سول ہسپتالوں میں سولر سسٹم نصب کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے تاکہ دوردراز علاقوں سے آنے والے مریضوں کو مشکلات درپیش نہ آئیں ڈاکٹرز دکھی انسانیت کی خدمت میں اپنا مثبت کردار ادا کریں ڈاکٹر پلیتھا ماہی پالا نے ضلع استامحمد اور ضلع صحبت پور کے لیے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ایکسرے مشین جبکہ استامحمد کے لیے ڈینٹل یونٹ کے قیام کا بھی اعلان کیا ڈاکٹر پلیتھا ماہی پالا نے چھتنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی کے مختلف یونٹس کا بھی جائزہ لیا ڈاکٹر زبیر احمد کھوسہ نے بتایا کہ ڈبلیو ایچ او نے اس وقت گائنا کالوجسٹ اینستھیزیا سروس فراہم کی ہیں ڈبلیو ایچ او کی بدولت اب ضلع نصیرآباد کی حاملہ خواتین کو کسی دوسرے اضلاع میں جانے کی ضرورت نہیں ڈبلیو ایچ او کی جانب سے یہ سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔قبل ازیں ڈبلیو ایچ او پاکستان کے ہیڈ ڈاکٹر پلیتھا ماہی پالا کا ڈی ایچ او نصیرآباد آفس پہنچنے پر ڈپٹی کمشنر نصیرآباد عائشہ زہری نے استقبال کیا اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ ڈاکٹر قاضی نور احمد بھی موجود تھے ڈاکٹر پلیتھا ماہی پالا ڈپٹی کمشنر نصیرآباد عائشہ زہری اور ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ قاضی نور احمد نے ڈویژنل ای پی آئی ریسورس سنٹر کا بھی افتتاح کیا علاوہ ازیں نصیرآباد ڈویژن میں طبی سہولیات کی فراہمی اور درپیش مسائل کے متعلق ایک اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر نصیرآباد عائشہ زہری نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع نصیرآباد میں مشکل حالات کے وقت ڈبلیو ایچ او نے جو یہاں کے مصیبت زدہ لوگوں کی خدمت کی وہ قابل ستائش ہے بیماریوں کے تناسب میں کافی حد تک کمی واقع ہوئی اس وقت ضلع نصیرآباد میں عوام کو ہیپاٹائٹس بی سی لیشمیا اور ملیریا سمیت دیگر امراض کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جس کے لیے فوری طور پر اقدامات کی اشد ضرورت ہے ڈبلیو ایچ او پہلے کی طرح اس مرتبہ بھی نصیرآباد کی عوام کی مدد کرے اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر صحبت پور ڈاکٹر شوکت علی کھوسہ DHO ڈاکٹر سلیم رضا اور ڈاکٹر جبار سومرو نے بھی اپنے اپنے اضلاع میں درپیش مسائل کے متعلق آگاہی فراہم کی اس موقع پر ڈبلیو ایچ او کے ہیڈ سب آفس بلوچستان ڈاکٹر اسفند یار شیرانی ڈبلیو ایچ او کے ڈویژنل آفیسر ای پی آئی اور ای او سی جب نصیرآباد کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر زبیر احمد کھوسہ ڈاکٹر یاسر بلوچ، ڈاکٹر DHO ڈاکٹر عبدالمنان لانگو، ایم ایس ڈاکٹر ایاز حسین جمالی، پی پی ایچ آئی کے ڈی ایس ایمز فیصل اقبال کھوسہ،شاہجہان مینگل، ڈاکٹر قدیر ابڑو اور ڈاکٹر نصیر احمد سمیت دیگر موجود تھے۔

# شدید بارشوں کی پیشگوئی کے پیش نظر ادارے الرٹ رہیں کمشنر لورالائی

**کسی بھی ایریا میں نقصانات کی صورت میں فوری طور پر کسی سرکاری بلڈنگ میں کیمپ آفس کا قیام ممکن بنایا جائے**

**شہروں میں تجاوزات کے خلاف کارروائی اور بند ندی نالوں کو کھولا جائے تاکہ بارشوں کے پانی کے فلو میں رکاوٹ نہ ہو،محمد گل خلجی**

لورالائی (ن ن) کمشنر لورالائی ڈویژن محمد گل خلجی کی صدارت میں حالیہ مون سون ممکنہ بارشوں کے جاری الرٹ اور این ڈی ایم اے اور پی ڈی ایم اے کی ہدایات کے حوالے سے متعلقہ محکموں کے افسران کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ایکسین سی اینڈ ڈبلیو لورالائی محمد داؤد، ایکسین پی ایچ ای عبدالغفور ،ڈپٹی ڈائریکٹر ایم ایم ڈی جہانگیر خان ،ایس ڈی او ایریگیشن محمد شاہ ،ڈیولپمنٹ آفیسر میونسپل کمیٹی حیات اللہ مردانزئی ،چیف آفیسر ڈسٹرکٹ کونسل کلیم اللہ ودیگر نے شرکت کی جبکہ ڈپٹی کمشنر لورالائی سوبان سلیم دشتی، ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عظیم جان دومڑ ،ڈپٹی کمشنر ژوب کی صاحبزادہ نجیب اللہ اور ڈپٹی کمشنر بارکھان عبدالحمید زہری بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر لورالائی ڈویژن محمد گل خلجی نے کہا کہ 4 سے لیکر 8 جولائی تک شدید بارشوں کی پیشگوئی کی گئی ہے جس کے لئے تمام متعلقہ محکمے اپنے دستیاب وسائل ،ہیومن ریسورسز ،مشینری تیار رکھیں ،تاکہ ایمرجنسی میں کام آسکے ہر محکمہ کی کوئی ذمہ داری ہوتی ہے اسے ادا کرے آپس میں رابطہ ہو کسی بھی ایریا میں نقصانات کی صورت میں فوری طور پر کسی سرکاری بلڈنگ میں کیمپ آفس ممکن ہو پھر اس میں پانی ،خوراک کا فوراً بندوبست ہو جائے اپنے ریسورسز کے علاوہ این جی اوز ،رضا کار اور مخیر حضرات سے بھی رابطہ ہو اور ان کا ڈیٹا دستیاب ہو انہوں نے کہا کہ پچھلے سال بھی بارشوں سے نقصانات ہوئے ان علاقوں ،ڈیمز ،برجز ،روڈز کا معائنہ کیا جائے ندی نالوں اور ڈیمز کے قریب آباد لوگوں کو محفوظ جگہ پر منتقل ہونے اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے اطلاع دیں شہروں میں تجاوزات کے خلاف کاروائی کریں بند ندی نالوں کو کھول دیں تاکہ بارشوں کے پانی کے فلو میں رکاوٹ نہ ہو

# کمشنر کوئٹہ ڈویژن کا سوشل میڈیا پر چلنے والی خبر کا نوٹس

**آلائشوں سے مضر صحت تیل اور گھی بنانے والی فیکٹری کو سیل کر کے تین افراد کو گرفتار کرلیا**

کوئٹہ (خبر نگار) کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ نے جانوروں کی آلائشوں سے گھی اور تیل بنانے کے حوالے سے سوشل میڈیا پر چلنے والی ایک خبر کا نوٹس......... بقیہ نمبر 77 صفحہ نمبر 9 پر

لیتے ہوئے ضلعی انتظامیہ کو فوری کارروائی کرنے کی ہدایت کردی ہے اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر سریاب کوئٹہ نثار احمد لانگو نے اسپیشل مجسٹریٹ سریاب مسعود بگٹی اور پولیس کے ہمراہ مشرقی بائی پاس پر کاروائی کرتے ہوئے جانوروں کی آلائشوں سے مضر صحت تیل اور گھی بنانے والی ایک فیکٹری کو سیل کر کے تین افراد کو گرفتار کرلیا

## بلوچستان پولیس میں تقرریاں وتبادلے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ نے تعیناتی کے منتظر بلک شیر کو ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر کچھی، گل شیر کو ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر خضدار، سیف اللہ جمالی کو ڈی ایس پی کرائم برانچ، شوکت جدون کو قائم مقام ایس ڈی پی او کوئٹہ کینٹ، سید عابد حسین کو قائم مقام ایس ڈی پی او صدر جبکہ مقصود احمد کو قائم مقام ایس ڈی آئی او صدر تھانہ کوئٹہ تعینات کر دیا گیا ہے۔

## غفلت برتنے پر ایس ایچ او معطل

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس عبدالخالق شیخ نے شکایت ملنے پر ایس ایچ او ایئر پورٹ تھانہ ملک آصف کو فرائض میں غفلت برتنے پر معطل کر کے محکمانہ انکوائری کا حکم دیدیا۔

## آئی جی پولیس ایس ایچ او کے ناروا سلوک کا نوٹس لیں

**امیر محمد دستی نے پولیس اہلکاروں کے ہمراہ گھر میں گھس کر تشدد کا نشانہ بنایا**

**12 لاکھ روپے، سونا، کاغذات، گاڑی کی فائل، اور بیجنل نمبر پلیٹ اٹھا کر لے گئے ہیں**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے رہائشی علی احمد اور نور بی بی نے آئی جی پولیس بلوچستان اور ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ایس ایچ او تھانہ امیر محمد دستی کے ناروا سلوک کا نوٹس لیتے ہوئے انکے غلط اقدامات پر کاروائی کر کے ہمیں انصاف فراہم کیا ......... بقیہ نمبر 67 صفحہ نمبر 9 پر

جائے یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی، انہوں نے کہا کہ ایس ایچ او امیر محمد دستی نے اپنے دیگر متعدد پولیس اہلکاروں کے ہمراہ ہمارے گھر میں داخل ہو کر ہمیں تشدد کا نشانہ بنایا اور گھر سے 12 لاکھ روپے، سونا، کاغذات، گاڑی کی فائل، اور بیجنل نمبر پلیٹ اٹھا کر لے گئے ہیں، ہم نے پولیس کے ناروا سلوک کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے سڑک کو بلاک کیا جس پر ڈی ایس پی شوکت جدون کی یقین دہانی کے بعد ہم نے احتجاج ختم کر دیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی انہوں نے آئی جی پولیس بلوچستان اور ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ایس ایچ او تھانہ امیر محمد دستی اور دیگر پولیس اہلکاروں کے ناروا سلوک کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لاتے ہوئے ہمیں انصاف فراہم کیا جائے اور ہمارا لوٹا گیا سامان واپس دلایا جائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 DATE: 06 JUL 2023 Page No: 12

# تعلیم ادب اور زبان کی ترقی و ترویج ہماری ترجیحات میں شامل ہے، ثنا بلوچ

## خاران بہت جلد تعلیم ادب اور زبان کے حوالے سے بلوچستان کا ترقی یافتہ ڈسٹرکٹ ہوگا، رکن صوبائی اسمبلی

### نصیر کبدانی لبزانکی دیوان کی کوششیں گراں قدر ہیں، تقریب سے خطاب، سالانہ گرانٹ کی منظوری کی یقین دہانی

خاران (نمائندہ خصوصی) رکن صوبائی اسمبلی ثنا بلوچ نے کہا کہ زبان وادب کے فروغ کے لئے نصیر کبدانی لبزانکی دیوان کے دوستوں کی کوششیں قابل تعریف ہیں ان خیالات کا اظہار رکن صوبائی اسمبلی ثنا بلوچ نے نصیر کبدانی لبزانکی دیوان کے نئے بلڈنگ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہماری ترجیحات تعلیم، ادب اور زبان کی ترقی وترویج ہے جس کے لیے ہم کوشاں ہیں، اور انشا اللہ خاران بہت جلد تعلیم ادب اور زبان کے حوالے سے بلوچستان کا ترقی یافتہ ڈسٹرکٹ ہوگا تقریب سے بی این پی کے سابق صدر ممبر بورڈ آف ڈائریکٹرز کیسکو و نامزد چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل حاجی میر محمد جمعہ کبدانی نصیر کبدانی لبزانکی دیوان ایگزیکٹیو کمیٹی کے چیئرمین احمد مہر، صدر رقیوم ساوگ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خاران میں ادب اور زبان کے حوالے سے نصیر کبدانی لبزانکی دیوان کی کوششیں گراں قدر ہیں، انتہائی کم وسائل میں بلوچی زبان میں کتابوں کی چھپائی لائق تحسین اقدام ہے، یقیناً ادبی اور زبان دوست ماحول سے نوجوان نسل کو بلوچی زبان پڑھنے اور لکھنے کا موقع ملے گا، آخر میں رکن صوبائی اسمبلی ثنا بلوچ نے نصیر کبدانی لبزانکی دیوان کی نئے بلڈنگ کے لئے فرنیچر اور صوبائی حکومت سے نصیر کبدانی اکیڈمی کے لئے سالانہ گرانٹ کی منظوری کے لئے بھرپور تعاون کا بھی یقین دلایا اس موقع بی این پی آرگنائزنگ کمیٹی کے ممبران علاقائی معتبرین پارٹی کارکن ان ہمراہ تھے۔

# بی این پی کو دیوار سے لگا کر سیاسی جدوجہد سے دور کرنے کی کوشش ہو رہی ہے، سردار اختر مینگل

## ریاست ہماری قومی اور اصولی موقف سے خوش نہیں ہے اسلئے ڈیتھ اسکواڈ اور دیگر بی این پی مخالف قوتوں کو سرگرم کیا گیا ہے

### وڈھ میں کوئی قبائلی مسئلہ نہیں ہے، سرکاری لائسنس یافتہ ڈیتھ اسکواڈ کے سرغنہ کو پالا جا رہا ہے، سابق وزیراعلیٰ کی وفد سے

پنجگور (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل سے بی این پی پنجگور کے وفد کی ملاقات، وڈھ کی کشیدہ صورت حال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بدھ کو بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل سے بی این پی کے سنٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی کے ممبر حاجی زاہد حسین، ضلعی سینئر نائب صدر ایڈووکیٹ یونس بلوچ، نائب صدر حمید بلوچ کی قیادت میں ڈاکٹر اسلم بلوچ، داد جان بلوچ، شیر احمد رضا و رند، طلال رند ڈاکٹر جاکر اسلم، تابش بلوچ، نبیل بلوچ، احمد علی صدام حسین، ولید مینگل، انکل غلام نبی، عمران حمید اور دیگر ساتھیوں......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 9 پر

نے وڈھ میں سردار اختر جان مینگل سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی صورت حال اور وڈھ کی کشیدہ صورت حال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سردار اختر جان مینگل نے کہا کہ بی این پی کو بزور طاقت دیوار سے لگانے اور ہمیں سیاسی جہد وجہد سے دور کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ ریاست ہماری قومی اور اصولی موقف سے خوش نہیں ہے اسلئے ڈیتھ اسکواڈ اور دیگر بی این پی مخالف قوتوں کو سرگرم کیا گیا ہے اور ان میں اتحاد و اتفاق پیدا کرنے کی کوششیں ہو رہی ہیں۔ وڈھ میں کوئی قبائلی مسئلہ نہیں ہے۔ سرکاری لائسنس یافتہ ڈیتھ اسکواڈ کے سرغنہ کو پالا جا رہا ہے۔

# افواج پاک ملک کی سلامتی اور دفاع میں بے مثال ہے، سردار یار محمد رند

### شہید کیپٹن کرنل شیر خان کی 24 ویں برسی پر شاندار خراج عقیدت پیش کرتے ہیں

بی (آئی این پی) رند قبائل کے سربراہ سینئر سیاست دان رکن صوبائی اسمبلی سردار یار محمد رند نے ملک وقوم کے خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہید کیپٹن کرنل شیر خان سمیت نشان حیدر کا اعزاز حاصل کرنے والے تمام فوجی آفیسران کی بہادری جرات کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں نشان حیدر حاصل کرنے والے پاک افواج کے مایا ناز......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 9 پر

بہادر آفیسران کے والدین بھائیوں بہنوں کو بھی سلام پیش کرتا ہوں جو اپنے پیاروں کو وطن پر قربان کرکے فخر محسوس کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے شہید کیپٹن کرنل شیر خان کی 24 ویں برسی پر شاندار خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کیا چیف آف رند سردار یار محمد رند نے کہا کہ افواج پاک ملک کی سلامتی اور دفاع میں بے مثال ہے افواج پاکستان کی لازوال قربانیوں کی بدولت آج ہمیں آزاد وطن میں پرسکون زندگی بسر کر رہے ہیں

92 نیوز کوئٹہ

# سردار اختر مینگل وڈھ کی صورتحال کے ذمے دار، میر شفیق مینگل

### انڈین ڈیتھ اسکواڈ کی ایما پر بلوچستان کیخلاف سازشوں میں مصروف ہیں

وڈھ/کوئٹہ (یو این اے) میر شفیق الرحمٰن مینگل نے کہا کہ انہیں بدنام کرنے کے لئے جھوٹے اور بے بنیاد الزامات لگائے جا رہے ہیں جن میں توتک میں اجتماعی قبروں کا الزام بھی شامل ہے میر شفیق الرحمان نے وڈھ کی تمام تر صورتحال کی ذمہ داری سردار اختر مینگل اور ان کے بھائی میر جاوید مینگل پر عائد کرتے ہوئے کہا کہ وہ مبینہ طور پر انڈین ڈیتھ اسکواڈ کی ایما پر بلوچستان کے خلاف سازشوں میں مصروف ہیں۔ ان خیالات کا اظہا انہوں نے یو این اے سے (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 44)

ٹیلیفونک گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں لوگوں کے اغوا اور قتل میں یہی ڈیتھ اسکواڈ ملوث ہے انہوں نے کہا کہ وہ سیاسی حوالے سے سردار اختر مینگل کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ سنہ 2018 میں جے یو آئی سے اتحاد کے باوجود سردار اختر مینگل کے مقابلے میں مجھے 14000 ووٹ ملے جس کی وجہ سے ان کی نیندیں حرام ہو گئی ہیں ان کا کہنا تھا کہ اگر جے یو آئی کے ساتھ اتحاد کے علاوہ سردار اختر مینگل کو اسٹیبلشمنٹ کی حمایت حاصل نہیں ہوتی تو میں 2018 میں جیت جاتا شفیق الرحمٰن مینگل نے کہا کہ انہیں بدنام کرنے کے لیے جھوٹے اور بے بنیاد الزامات لگائے جا رہے ہیں جن میں توتک میں اجتماعی قبروں کا الزام بھی شامل ہے، انہوں نے کہا کہ دو سال قبل وڈھ میں ایک ہندو تاجر کے قتل میں مبینہ طور پر ان کی حریف سیاسی جماعت کا ایک کارکن ملوث تھا لیکن اس کا بھی الزام ان پر لگا کر سیاست کی گئی ان کا کہنا تھا کہ جہاں تک موجودہ کشیدہ صورتحال کی بات ہے تو چند ماہ قبل ان کے جھالاوان عوامی پینل سے تعلق رکھنے والے 70 سالہ بزرگ شخص خدا بخش محمود زئی کو اغوا کر کے نجی جیل میں ڈال دیا گیا انہوں نے کہا کہ ہمارے جو حامی تھے ان کو اغوا کیا گیا تا کہ وہ میری حمایت کو ترک کر دیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 5 DATE: 06 JUL 2023 Page No: 14

# ایران کو آم کی برآمد میں تاجروں کو نقصان

**کورنٹین سرٹیفکیٹ میں رکاوٹیں**

**کراچی میں بیٹھے شخص نے پلانٹ پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ کو یرغمال بنا رکھا، بلاجواز تنگ کیا جارہا، فی کلو 40 روپے طلب کیے جارہے، صدر فروٹ اینڈ ویجیٹیبل امپورٹر اینڈ ایکسپورٹر ایسوسی ایشن**

**ایران آم بھجوانے کیلئے کورنٹین سرٹیفکیٹ جاری نہیں کیا جارہا، کوئٹہ اور تفتان بارڈر پر کھڑے کنٹینرز میں آم خراب ہورہے ہیں، تاج محمد بڑیچ، ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کے اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) فروٹ اینڈ ویجیٹیبل امپورٹر اینڈ ایکسپورٹرز نے کہا ہے کہ پلانٹ پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے آم ایکسپورٹ کرنے والے تاجروں کو کورنٹین سرٹیفکیٹ جاری نہ ہونے سے بلوچستان کے ایکسپورٹرز کو روزانہ لاکھوں روپے کا نقصان اٹھانا پڑا ہے، پاکستان سے ہر سال ایران کو 50 سے 55 ہزار ٹن آم ایکسپورٹ ہوتا ہے، حکومت فوری امپورٹرز اور ایکسپورٹرز کو درپیش مسائل حل کرنے کیلئے اقدامات کرے، یہ بات انہوں گزشتہ روز فروٹ اینڈ ویجیٹیبل امپورٹر اینڈ ایکسپورٹر ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر تاج محمد خان بڑیچ نے ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کے اجلاس سے خطاب میں کہی، اس موقع پر فروٹ اینڈ ویجیٹیبل امپورٹر اینڈ ایکسپورٹر ایسوسی ایشن بلوچستان کے عہدیداروں کا انتخاب بھی عمل میں لایا گیا جس کی مطابق صدر تاج محمد خان بڑیچ، سینئر نائب صدر حاجی محمد داؤد خان، نائب صدر شمس اللہ کاکڑ، جنرل سیکریٹری احمد خان مغل، سیکریٹری اطلاعات سید محمد بادینی شامل ہیں، تاج محمد خان بڑیچ کا مزید کہنا تھا کہ آج کل آم کا سیزن چل رہا ہے، بلوچستان کے ایکسپورٹرز ایران کو آم ایکسپورٹ کرتے ہیں لیکن پلانٹ پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ کراچی میں بیٹھے ایک شخص نے پورے ڈیپارٹمنٹ کو یرغمال بنا رکھا ہے، تاجروں کو بلاجواز تنگ کیا جارہا، تاجروں سے پہلے فی کلوگرام 2 روپے وصول کیے جاتے تھے جسے بڑھا کر 22 روپے فی کلوگرام کردیا گیا، اب تاجروں سے فی کلو 40 روپے طلب کیے جارہے ہیں جو تاجروں کے معاشی قتل کے مترادف ہے، بلوچستان کے امپورٹرز اور ایکسپورٹرز کو ایران آم بھجوانے کیلئے کورنٹین سرٹیفکیٹ جاری نہیں کیا جارہا جس کی وجہ سے کوئٹہ اور تفتان بارڈر پر کھڑے سیکڑوں کنٹینرز میں پڑے آم خراب ہورہے ہیں، ایک کنٹینرز میں 40 سے 45 لاکھ روپے مالیت کا آم لوڈ ہے لیکن بروقت کورنٹین سرٹیفکیٹ جاری نہ ہونے سے آم خراب ہورہے ہیں جس سے بلوچستان کے تاجروں کو روزانہ لاکھوں روپے کا نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے، پلانٹ پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ پر ایک شخص نے پیسے کے بل بوتے پر قبضہ کر رکھا ہے وہ شخص بلوچستان کے تاجروں کو تنگ کررہا ہے جس سے نا صرف تاجروں بلکہ پنجاب اور سندھ کے زمینداروں کو بھی آم ایکسپورٹ نہ ہونے سے بھاری نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اسوقت پورے پاکستان میں آم کے پروسیسنگ پلانٹ کی تعداد 27 ہے جن میں سے صرف ایک پلانٹ بلوچستان میں ہے جسے بھی چلانے نہیں دیا جارہا، راہ میں بلاجواز روڑے اٹکائے جارہے ہیں، انہوں نے کہا کہ ایران کو روزانہ کی بنیاد پر 100 سے 150 کنٹینرز آم جاتے تھے لیکن کورنٹین جاری نہ ہونے کی وجہ سے آم ایکسپورٹ نہیں ہورہے جس سے ہزاروں کی تعداد میں لوگوں کے بے روزگار ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا، گزشتہ سال پاکستان سے ایران کو 50 سے 55 ہزار ٹن آم ایکسپورٹ ہوا لیکن اسسال کورنٹین جاری نہ ہونے سے آموں کی ایکسپورٹ آدھی بھی نہیں رہی۔، انہوں نے وفاقی اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ پلانٹ پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے بلوچستان کے تاجروں کو کورنٹین جاری نہ کرنے کا نوٹس لیں۔

# ہرنائی میں نذر آتش ٹرکوں کا معاوضہ دیا جائے

**نور شاہوانی — ہڑتال کا انتباہ**

**سیکیورٹی یقینی بنائی جائے، قومی شاہراہوں پر ٹرکوں سے لوٹ مار کو روکا جائے، صدر بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن**

**سیلاب میں ٹوٹے پل، تباہ حال سڑکوں اور کوئٹہ شہر کی ملحقہ سڑکوں کی تعمیر کو فوری یقینی بنایا جائے، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی کارکردگی پر ٹرانسپورٹروں نے شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع ہرنائی میں نذر آتش ٹرک مالکان کو معاوضہ دیا جائے، سیکیورٹی یقینی بنائی جائے، ٹرکوں کو قومی شاہراہوں پر لوٹ مار کو روکا جائے، سیلاب میں ٹوٹے پل، تباہ حال سڑکوں اور کوئٹہ شہر کی ملحقہ سڑکوں کی تعمیر کو فوری یقینی بنایا جائے، مطالبات پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں مجبوراً پہیہ جام ہڑتال سمیت احتجاج پر مجبور ہوجائیں گے، حالات کی تمام تر ذمے داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی، بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز، بس مالکان، منی بس مالکان، ٹینکر مالکان اور دیگر ٹرانسپورٹرز سے مشاورت کے بعد ہڑتال کی تاریخ کی تاریخ اعلان 8 جولائی 4 بجے اجلاس میں کیا جائے گا، گزشتہ روز ٹرانسپورٹرز بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس حاجی عبدالباقی کاکڑ، عبدالمجید ہنگورزئی، مراد خان کاکڑ، ملک نور خان کرد، حاجی روزی خان مندوخیل، جعفر خان کاکڑ، محمد اسماعیل لہڑی، حاجی باری داد، حاجی امین سالانی، سیف الدین، حاجی محمد حسین، حاجی محمد ابراہیم پرکانی، طاہر شاہ یوسفزئی، حاجی محمد خیر کرد، حاجی ہدایت اللہ، حاجی عبدالخالق ہنگورزئی، حاجی یوسف کاکڑ، حاجی حضرت خان، بابو محمد شہی، محمد اکبر بادینی، سہیل خان کاکڑ، حاجی عطااللہ، عیسیٰ خان سالانی، حاجی عبدالسلام ملاخیل، حاجی احمد شاہ مری، حاجی محمد رحیم کرد، حاجی محمد گل کاکڑ، حاجی زکریا، حاجی لیاقت سرحدی، حاجی محی الدین کاکڑ، حاجی شاہ الحق مندوخیل سمیت سیکڑوں ٹرک اور گڈز کمپنی مالکان اور نمائندوں نے شرکت کی، اجلاس میں کثرت رائے سے صوبائی حکومت اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے حکام بالا سے مطالبہ کیا گیا کہ ضلع ہرنائی میں ٹرکوں کو نذر آتش اور نقصان پہنچانے کا فوری ازالہ کیا جائے، ٹرانسپورٹروں کو تحفظ فراہم کیا جائے، نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی کارکردگی بلوچستان میں نہ ہونے کے برابر ہے، کوئٹہ سبی شاہراہ این 65 پنجرہ پل، این 25 پر اوتھل اور بیلہ کے درمیان 6 پل عرصہ ایک سال سے سیلاب کی نذر ہوچکے، ایک سال کے دوران نیشنل ہائی وے کے ڈائریکٹرز نے کروڑوں روپے کے فنڈز کو کاغذوں میں ضائع کرکے ٹھیکیداروں کی ملی بھگت سے ہڑپ کرلیا، سڑکوں اور پلوں کی حالت جوں کی توں ہے کھنڈرات کا منظر پیش کررہے ہیں، ژوب ڈیرہ اسماعیل شاہراہ مکمل طور پر تباہ حال ہے، ان حالات کی وجہ سے ٹرانسپورٹرز بھی عام لوگوں کی طرح مشکلات سے دوچار ہیں، کوئٹہ مغربی بائی پاس بھی زبوں حالی کا شکار ہے، تمام روڈوں کو کھاٹر کر تعمیر اور مرمت پر کوئی توجہ نہیں دی جارہی، حکومت متعلقہ حکام این ایچ اے اور ٹھیکیداروں کی عدم توجہی کی وجہ سے اس کا خمیازہ ٹرانسپورٹرز اور شہریوں کو گاڑیوں کے حادثات کے دوران جانی اور مالی نقصان کی صورت میں بھگتنا پڑ رہا، موٹر وے پولیس سڑکوں کی حالت زار خراب ہونے کے باوجود کوئٹہ سے حب تک تواتر کے ساتھ روزانہ لاکھوں روپے کے چالان کرکے جرمانے کررہے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5

DATE: 06 JUL 2023

Page No: 15

92 نیوز کوئٹہ


## بھاری مقدار میں چینی روزانہ بلوچستان سے افغانستان اور روس اسمگل

**ملک میں چینی اسمگلنگ کا سلسلہ ایک مرتبہ پھر عروج پر پہنچ چکا، چینی کی قلت اور قیمتوں میں اضافے کا خدشہ پیدا ہوگیا**

حب (نمائندہ انتخاب) چینی کی افغانستان اور روس اسمگلنگ میں ملوث گروہ سرگرم روزانہ کروڑوں ٹن چینی بلوچستان کے راستے سے افغان باڈر سے افغانستان اور بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر

اور روس اسمگل ہونے کا انکشاف ملک میں چینی کا بحران پھر سے [illegible] ہونے کا خدشہ [illegible] چینی نایاب ہونے کے سبب پنجاب کے مختلف علاقوں [illegible] چینی [illegible] سے [illegible] چینی [illegible] پہنچائی جائے گی اس حوالے سے [illegible] ہے پاکستان ملک چینی کی اسمگلنگ کا سلسلہ عروج پر پہنچ چکا ہے جس سے ملک میں ایک بار پھر چینی کی قلت اور قیمتوں میں اضافے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔

## کوہلو میں مچھروں کی یلغار، شہریوں کا جینا دوبھر

**مری کالونی، ایف سی کالونی سمیت مختلف علاقوں میں مچھروں کی بہتات، محکمہ صحت ملیریا کے خاتمے میں ناکام ہوگیا، شہری**

**مخصوص علاقوں میں اسپرے، درجنوں افراد ملیریا میں مبتلا، بجلی لوڈشیڈنگ سے لوگ کھلے آسمان تلے رات گزارنے پر مجبور**

کوہلو (نامہ نگار) ضلع کوہلو میں کئی ہفتوں سے مچھروں کی یلغار نے شہریوں کا جینا دوبھر کردیا، ضلع کے مختلف علاقوں مری کالونی، ایف سی کالونی، پیپلز کالونی، نیوکلی، میر کرم خان شہر، میر ہزار واڈہ، تمبو، گاز دادوغ، ملک زئی سمیت مختلف علاقوں میں مچھروں کی بہتات سے شہری عاجز آگئے، گزشتہ روز شہریوں نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع میں ملیریا یونٹ اور محکمہ صحت ملیریا کے خاتمے میں مکمل طور پر ناکام رہا، مچھروں کے خاتمے کیلئے اب تک صرف ایک دن کچھ مخصوص علاقوں میں اسپرے کیا گیا جس کے باوجود اسپرے مچھروں کے خاتمے میں بے سود ثابت ہوا ہے جس کے بعد کئی سوالات نے جنم لیا، شہریوں کے مطابق مچھروں کے وار سے اب تک درجنوں افراد ملیریا میں مبتلا ہوگئے، مختلف سرکاری و نجی میڈیکل مراکز میں علاج میں ہزاروں روپے خرچ کرچکے مگر دوسری جانب سے ضلع میں کام کرنے والے ملیریا یونٹ اور محکمہ صحت کی جانب سے ملیریا کے روک تھام کیلئے موثر اقدامات نہیں ہوسکے جس کے باعث لوگوں کا جینا محال ہوگیا، سرشام سے مچھروں کی وار ہے جہاں شہری کھلے آسمان میں بیٹھنے سے پریشان ہیں، وہی رہی سہی کسر واپڈا حکام کی غیر علانیہ لوڈشیڈنگ پوری کردیتی ہے، کمروں کے اندر بجلی نہیں باہر مچھر کی یلغار سے لوگوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے، شہریوں نے ڈپٹی کمشنر کوہلو اور متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لیکر ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں مچھر مار اسپرے کرنے کا مطالبہ کیا۔

## بھتہ خوروں سے نجات دلائی جائے، نواب احمد چلتن وال

**بلوچستان اسمبلی کے رکن اور ڈپٹی کمشنر پنجگور پر مافیا سے ملی بھگت کا الزام**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ضلع پنجگور کے رہائشی نواب میر احمد چلتن وال نے کہا ہے کہ ہماری جدی پشتی زمینوں پر بلوچستان اسمبلی کے رکن میجر رسالدار اور ڈپٹی کمشنر پنجگور کی ملی بھگت سے قبضے کی کوششیں کررہے ہیں، کمانڈر 12 کور، گورنر، وزیراعلیٰ، چیف سیکریٹری قبضہ مافیا اور بھتہ خوروں سے نجات دلائیں، یہ بات انہوں نے بدھ کو میر وسیم سالانی، حاجی عبدالحق سالانی کے ساتھ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس میں کہی، ان کا مزید کہنا تھا کہ ضلع پنجگور میں سبز آپ کے رہائشی ہیں، ہمارے آباؤ اجداد کی جد پشتی زمینیں ہیں جن پر بلوچستان اسمبلی کے رکن میجر رسالدار اور ڈپٹی کمشنر پنجگور کی ملی بھگت سے قبضے کرنے کی کوششیں کررہے ہیں، حکام بالا تک آواز پہنچانے کیلئے پریس کانفرنس بھی کرچکے لیکن ہمیں انصاف فراہم کرنے کے بجائے قتل اور لاپتہ کرنے کی دھمکیاں دینے کی کوششیں کی جارہی ہیں، انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ سے قبل ہماری قوم کے 28 افراد کے خلاف من گھڑت اور جھوٹے مقدمے درج کئے گئے ہیں، انہوں نے کمانڈر 12 کور، گورنر، وزیراعلیٰ، چیف سیکریٹری سے مطالبہ کیا ہے کہ ہمیں قبضہ مافیا اور بھتہ خوروں سے نجات دلائی جائے۔

## بولان: ”92 نیوز“ کی خبر پر ایکشن، اوورلوڈ گاڑیاں چالان، جنگلے اتار لئے گئے

**ایس پی عبدالعزیز اور سیکریٹری آر ٹی اے نور ڈوکی متحرک، این اے 65 کے مختلف مقامات پر کارروائیاں، 30 ہزار روپے تک جرمانے، مسافر دیگر گاڑیوں میں روانہ**

**کسی کو انسانی جانوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں، نیشنل ہائی وے پولیس ذمے داریوں سے لاپرواہی نہیں کرے گی، عبدالعزیز، نور احمد ڈوکی، صحافیوں سے گفتگو**

بولان (نامہ نگار) ”92 نیوز“ میں ٹرانسپورٹرز کی اوورلوڈنگ کے خلاف خبر کی اشاعت پر نیشنل ہائی وے پولیس نصیر آباد ڈویژن کے ایس پی میر عبدالعزیز سرپرہ اور سیکریٹری آر ٹی اے نصیر آباد ڈویژن میر نور احمد ڈوکی متحرک ہوگئے، این اے 65 قومی شاہراہ کے مختلف مقامات پر جیکب آباد نوکوٹ، سبی تو جیکب آباد پر چلنے والی روٹ پر اوورلوڈنگ کے مرتکب متعدد دین مالکان کو 30 ہزار روپے تک جرمانے کیے گئے، وین کے جنگلے بھی اتار لئے گئے، اوورلوڈنگ سے اتارے گئے مسافروں کو مختلف گاڑیوں میں منزل کی طرف روانہ کردیا گیا، اس موقع پر ایس پی میر عبدالعزیز سرپرہ اور سیکریٹری میر نور احمد ڈوکی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انسانی جانوں سے کسی بھی ٹرانسپورٹرز کو کھیلنے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، اوورلوڈنگ سے مختلف قسم کے حادثات رونما ہوچکے جن میں ڈرائیور سے گاڑی بے قابو ہونا، ٹائر پھٹ جیسے واقعات سے گاڑیاں گہری کھائی میں جاگرتی ہیں جن سے ہزاروں افراد لقمہ اجل ہوچکے ہیں، سیکڑوں کی تعداد میں عمر بھر کی معذوری میں مبتلا ہوئے ہیں، ان واقعات کی روک تھام کیلئے سخت سے سخت اقدامات کو شکل دے دی گئی ہے، این اے 65 قومی شاہراہ میں کسی بھی مقام پر نیشنل ہائی وے پولیس اپنی ذمے داریوں کو نبھانے میں کسی بھی قسم کی لاپرواہی نہیں کرے گی، موت کا کھیل کھیلنے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی، ان کے خلاف وقتاً فوقتاً قانونی کارروائی عمل میں لاتے رہیں گے۔

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News

Bullet No. 6 DATE: 06 JUL 2023 Page No: 16

# شہری منصوبہ بندی اور ہمارے مسائل!!

شہری منصوبہ بندی کسی بھی شہر کے مکینوں کی ترقیافتہ اور خوشحال زندگی کی علامت ہوا کرتی ہے یہ شہری منصوبہ بندی ہی ہے جس کی بدولت کسی شہر کے مکینوں کو بنیادی سہولیات کی بطریق احسن فراہمی یقینی بنائی جاسکتی ہے پائیدار شہری منصوبہ بندی کا مقصد شہروں کی ایسی پلاننگ کرنا ہے جو ماحول کے لئے نقصان دہ نہ ہو اور اس کی بدولت شہر میں پانی اور بجلی کی بنیادی ضرورت سے لے کر صفائی ستھرائی تک تمام ضروریات اور مسائل کا پوری طرح احاطہ کیا گیا بدقسمتی سے وطن عزیز پاکستان میں چند ایک بڑے شہروں کو چھوڑ کر کہیں بھی شہری منصوبہ بندی بروقت نہیں کی گئی بالخصوص ہمارے صوبے بلوچستان میں تو صورت حال اس حوالے سے انتہائی ابتر ہے حتیٰ کہ صوبے کا مرکزی شہر اور صوبائی دارالحکومت کوئٹہ بھی اب تک ماسٹر پلان اور بنیادی شہری منصوبہ بندی سے محروم ہے حالانکہ انیس سو پینتیس کے تباہ کن زلزلے کے بعد جب انگریز سرکار نے شہر کی تعمیر نو کا فیصلہ کیا تو تعمیر سے پہلے منصوبہ بندی کی گئی اس وقت کوئٹہ شہر پچاس ہزار نفوس کے لئے ڈیزائن کیا گیا تھا اور آج اس شہر پر ڈھائی سے تین ملین لوگ رہتے ہیں جنہیں گوناگوں مسائل کا سامنا ہے وجہ یہ ہے کہ بلوچستان کو صوبے کا درجہ ملنے کے بعد جب کوئٹہ پر ایک دم سے آبادی کا دباؤ بڑھا تو بدقسمتی سے اس وقت کی حکومتوں نے اس کا ادراک نہیں کیا کوئی منصوبہ بندی نہیں کی اور غفلت برتی جس کا نتیجہ آج ہمارے سامنے ہے کوئٹہ شہر پر آبادی کا بڑھتا ہوا دباؤ مسائل کی ایک اہم وجہ ہے اس وقت کوئٹہ نہ صرف بلوچستان کا مرکزی شہر ہے بلکہ صوبائی دارالحکومت ہے بھی جہاں سرکاری دفاتر بھی ہیں پرائیویٹ سطح پر بھی روزگار کے سب سے زیادہ مراکز یہیں کوئٹہ میں ہیں لوگ بچوں کے بہتر مستقبل انہیں بہتر تعلیمی سہولیات کی فراہمی اور ترقی کے دیگر مواقع سے مستفید ہونے کے لئے لوگوں کا کوئٹہ کی طرف راغب ہونا فطری ہے ایسے میں ضروری ہے کہ شہر پر آبادی کے بڑھتے ہوئے دباؤ کے پیش نظر ضروری ہے کہ شہر کی توسیع کے دیرینہ زیر غور منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے میں دیر نہ لگائی جائے یہاں تو حالت یہ ہے کہ صوبائی دارالحکومت ہونے کے باوجود یہاں صفائی ستھرائی، نکاسی آب، سٹریٹ لائٹس کی خرابی، قلت آب سمیت مسائل ہی مسائل ہیں ان مسائل کے حل کے لئے حکام کو سر جوڑ کر بیٹھنا ہوگا موجودہ صوبائی حکومت شہر کی توسیع، دیرینہ مسائل کے حل اور کوئٹہ کی ترقی کے حوالے سے کافی سنجیدہ دکھائی دے رہی ہے شہر میں نہ تو بجلی کی فراہمی درست اور اط…

بخش ہے نہ ہی گیس اور پانی کی صورتحال بہتر ہے حتیٰ کہ شہر میں ہر طرف گندگی کے ڈھیر، ہر طرف تجاوزات اور ٹوٹی پھوٹی سڑکیں اوپر سے شہر میں ٹریفک بے ہنگم۔ ہر چند کہ امسال عیدالاضحیٰ اور یوم آزادی کے موقع پر صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ٹریفک کی بلاتعطل آمدورفت برقرار رکھنے کے لئے ٹریفک حکام اور انتظامیہ کی جانب سے خصوصی اقدامات وانتظامات کیے گئے تھے تاہم پھر بھی کوئٹہ شہر پر آبادی کے بڑھتے ہوئے دباؤ کے پیش نظر ضروری ہے کہ صوبائی دارالحکومت میں درپیش شہری مسائل کے حل اور ٹریفک کی بلاتعطل آمدورفت برقرار رکھنے کے لئے خصوصی، جامع، دوٹوک اور عملی اقدامات اٹھائے جائیں کوئٹہ شہر میں اس وقت دو سب سے اہم ترین مسائل قلت آب اور ٹریفک کی روانی کے ہیں سب سے زیادہ اس وقت کوئٹہ شہر میں ایک ایسے موثر ٹریفک پلان کی ضرورت ہے جس کی بدولت عیدین ہوں یا دیگر تہوار اور خصوصی ایام ان میں ٹریفک کی بلاتعطل آمدورفت کو برقرار رکھا جاسکے امسال عیدالاضحیٰ کی مناسبت سے جو ٹریفک پلان جاری کیا گیا وہ یقیناً سراہے جانے کے لائق ہے تاہم پھر بھی مزید کل وقتی اقدامات ضروری ہے عارضی طور پر تو عید کے موقع پر ٹریفک ٹریفک رواں دواں رکھنے کے لئے ٹریفک پولیس نے انتظامات کیے یہ عارضی اقدامات سے حل ہونے والا مسئلہ نہیں اس کے لئے ضروری ہے کہ شہر میں ٹریفک انجینئرنگ بیورو ہو، ٹریفک حکام کو افرادی قوت کی کمی نہ ہو، وسائل فراواں ہوں، اسی طرح نہ صرف ٹریفک بلکہ دیگر تمام مسائل پلاننگ کے متقاضی ہیں خصوصی توجہ کی ضرورت ہے اور یہ توجہ تبھی ممکن ہے جب کوئٹہ شہر میں شاہراہوں کی توسیع، بلڈنگ کوڈ کے تمام قوانین پر موثر عملدرآمد، تجاوزات کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کو دوام بخشتے ہوئے شہر میں صفائی ستھرائی، نکاسی آب اور دیگر شہری مسائل کی وجوہات ومحرکات سبھی کا احاطہ کرنے والی شہری منصوبہ بندی ہو کوئٹہ کی شہری منصوبہ بندی کے لئے ہم نے بروقت اقدامات نہیں کیے اس کا نتیجہ ہم دیکھ رہے ہیں اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ایک تو کوئٹہ شہر میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے لے کر بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی تک تمام مسائل کے حل کے لئے از سر نو پلان بنایا جائے اور ساتھ ہی بلوچستان کے جتنے بھی بڑے اور دن بدن پھیلنے والے شہر ہیں ان کے حوالے سے شہری منصوبہ بندی ابھی سے کی جائے اور اس حوالے سے کسی قسم کی غفلت نہ برتی جائے تاکہ کل کو ان شہروں میں بھی انہیں مسائل کا سامنا نہ ہو جن مسائل کا سامنا آج صوبائی دارالحکومت کے مکینوں کو ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 DATE: 06 JUL 2023 Page No: 17

# Power crisis

After more than two decades of severe electricity load- shedding, power generation has largely relied on expensive sources instead of cheap hydel power. In this way, Pakistan has succeeded in balancing the supply and demand of electricity, but with the rise in the value of the dollar, the cost of production has been steadily rising. The wage-earners and the country's industries cannot bear the burden. Some districts of Balochistan, especially the future economic hub of Gwadar, are still deprived of getting the required amount of electricity from the national grid and 150 MW of electricity is being supplied to Gwadar, Panjgur and Turbat districts from neighbouring country Iran. Iran has vast potential to generate electricity due to its vast oil and gas reserves and has repeatedly offered assistance to Pakistan in fulfilling its needs. Balochistan is the largest province in the country in terms of area with huge potential for cheap power generation at the local level. Whether it is oil and gas or electricity, the productive capacity of all of them is present in the country. It is important that energy issues be addressed permanently. Scattered population in Balochistan particularly is a major hurdle behind provision of electricity to Balochistan but at the same time the federal government always paid little focus towards Balochistan which can be evident from the fact that the Makran division is still not connected with the national grid. It is more than surprising to imagine that Balochistan has only 36 percent electricity facility in 2022, as the rest of the 64 percent is in the dark. The electricity given to 36 percent of the area is also not upto the mark and long hours of load-shedding further increase the problems of masses. In remote areas, only six to eight hours of electricity is supplied to the domestic and agriculture tubewells. To develop Balochistan and remove the sense of deprivation it is inevitable that the federal government must ensure maximum provision of electricity to Balochistan and stop any discrimination towards it in any sector. Balochistan has great potential to generate electricity from other sources such as solar and wind but unfortunately the provincial and federal governments are not focusing on this direction. The federal and provincial governments must implement the project of converting agri-tube wells into solar as soon as possible. Hopefully, the federal government will take concrete steps to address power issues throughout the country including that of Balochistan and its Makran division which is epicenter of China Pakistan Economic Corridor.

CLIPPING SERVICE

P-1

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

DATE: 06 JUL 2023 Page No: 18

# Battling Monsoon Fury

As monsoon season sets in, Balochistan finds itself on high alert, bracing for the torrential rains and potential calamities that accompany this time of the year. The recent red alert issued for monsoon rains in the region warrants immediate attention and calls for comprehensive measures to mitigate the impact of these natural disasters. In this editorial, we highlight the significance of the red alert and underscore the need for proactive measures to protect lives, infrastructure, and the livelihoods of the people in Balochistan. The issuance of a red alert signifies a critical and potentially dangerous weather situation. It serves as an urgent warning to authorities, residents, and various stakeholders to be prepared for extreme weather conditions and the subsequent risks associated with it. In the context of Balochistan, a region known for its arid climate and limited resources, monsoon rains bring both relief and challenges, making the red alert a crucial call to action.

Balochistan's unique geographical features, including rugged mountains, arid plains, and a lack of adequate drainage systems, make it susceptible to the adverse impacts of monsoon rains. Flash floods, landslides, and infrastructure damage pose severe threats to the lives and properties of the people residing in the region. Moreover, the predominantly agrarian economy of Balochistan heavily relies on monsoon rains for irrigation and sustenance. Therefore, any disruption caused by excessive rainfall can have far-reaching consequences for agriculture and livelihoods. To effectively deal with the challenges posed by monsoon rains, the government, local authorities, and communities must collaborate to implement proactive measures. These strategies should focus on three key areas: Strengthening and expanding the existing weather forecasting and early warning systems can significantly reduce the risks associated with monsoon rains. Timely dissemination of accurate and localized weather information can enable residents to take precautionary measures and evacuate vulnerable areas if necessary.

p-2

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6 DATE: 06 JUL 2023 Page No: 09

Balochistan urgently requires investments in the construction and maintenance of robust infrastructure. Building effective drainage systems, improving road networks, and fortifying bridges and embankments will help mitigate the impact of flooding and landslides. This infrastructure development must prioritize resilience and sustainability to withstand the region's challenging climatic conditions. Creating awareness and imparting knowledge about disaster preparedness to communities is crucial. Encouraging community participation in disaster risk reduction initiatives, conducting drills, and establishing local emergency response teams will enhance preparedness at the grassroots level. It is imperative to invest in education and training programs that equip residents with the skills to respond effectively during emergencies. Addressing the challenges posed by monsoon rains requires a collaborative approach involving all stakeholders. The government, non-governmental organizations (NGOs), local communities, and the private sector must work hand in hand to ensure a comprehensive and coordinated response. Sharing resources, expertise, and information will enhance the effectiveness of disaster management efforts and promote resilience in the face of natural disasters.

The red alert for monsoon rains in Balochistan serves as a stark reminder of the challenges the region faces during this season. By acknowledging the vulnerabilities, implementing proactive measures, and fostering collaboration, we can strive to protect lives, safeguard infrastructure, and secure the livelihoods of the people. Balochistan must seize this opportunity to strengthen its disaster preparedness and emerge as a resilient region that not only survives but thrives in the face of monsoon fury. Let us act swiftly and decisively, ensuring that no one is left behind in this battle against nature's forces.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: DAWN KARACHI

Bullet No. 7

DATE: 05 JUL 2023

Page No: 20

# 'Joint efforts needed for population control'

By Saleem Shahid

QUETTA: Balochistan Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar said on Tuesday that the government and international institutions should make joint efforts for population control in remote districts of the province as unchecked population growth is one of the basic reasons for extreme poverty of the people living in those areas.

He was talking to UN Country Head for Population Programme Dr Luay Shabaneh who called on him at the Governor House.

"It is a challenge to ensure provision of basic facilities to the dispersed population of Balochistan. Due to extreme poverty, backwardness and the absence of basic facilities in remote districts of the province, people are forced to migrate to cities and it is a matter of concern that even in this advanced era, the maternal mortality rate is the highest in Balochistan," he lamented.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 06 JUL 2023 Page No: ________



وڈھ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ بی این پی کے قائد سردار اختر مینگل سے انکی رہائشگاہ پر ملاقات کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



گورنر ملک عبدالولی خان کاکڑ تحصیل ذوڑھ میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے قائد سردار اختر مینگل سے ملاقات کررہے ہیں


# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ DATE: 06 JUL 2023 Page No: ________



کوئٹہ، وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء لانگو کی ہدایت پر مظاہرین سویڈن کا جھنڈا نذر آتش کررہے ہیں